11553 ـ فوت شدہ عورت کے پیٹ سے بچہ نکالنے کا حکم

سوال

جب حاملہ عورت فوت ہو جائے اور ڈاکٹر یہ فیصلہ کریں کہ پیٹ میں بچہ ابھی تك زندہ ہے تو کیا بچہ نکالنے کے لیے اپریشن کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب عورت فوت ہو جائے اور اس کے پیٹ میں بچہ ہو تو اکثر اور غالب طور پر تو بچہ بھی ماں کے ساتھ ہی مر جاتا ہے، اور اگر باقی بھی رہے تو بہت کم مدت اور لحظہ تك زندہ رہتا ہے.

لیکن اگر ہم فرض کر لیں کہ یہ صحیح ہو اور پیٹ چاك کر کے بچہ کو زندہ بچانا ممکن ہو تو حنابلہ کا فیصلہ یہ ہے کہ جب یہ ثابت ہو جائے کہ ماں کے پیٹ سے بچہ زندہ نکالا جاسکتا ہے تو پیٹ چاك کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے.

وہ کہتے ہیں: اس کے پیٹ کا اپریشن کر کے بچہ زندہ نکال لیا جائےگا، اور پھر اس کے پیٹ کو سی کر دفن کر دیا جائےگا.